حمد



کس سے مانگیں، کہاں جائیں، کس سے کہیں اور دنیا میں حاجت روا کون ہے
سب کا داتا ہے تو، سب کو دیتا ہے تو، تیرے بندوں کا تیرے سِوا کون ہے

کون سنتا ہے فریاد مظلوم کی، کس کے ہاتھوں میں کُنجی ہے مقسُوم کی
رزق پر کس کے پلتے ہیں شاہ و گدا، مسند آرائے بزمِ عطا کون ہے

اولیا تیرے محتاج اے ربِ کل ؛ تیرے بندے ہیں سب انبیاء و رُسُل
ان کی عزت کا باعث ہے نسبت تری، ان کی پہچان تیرے سوا کون ہے

ابتدا بھی وہی، انتہا بھی وہی، ناخدا بھی وہی ہے خدا بھی وہی
جو سارے جہانوں میں جلوا نُما، اُس کے سوا دُوسرا کون ہے

انبیا، اولیا، اہل بیتؓ نبیؐ، تابعینؒ و صحابہؓ پہ جب آ بنی
گر کے سجدے میں سب نے یہی عرض کی، تُو نہیں ہے تو مشکل کُشا کون ہے

پیر نصیر الدین نصیر (گولڑہ شریف)